البروج

شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

۱	آسمان کی قسم جس میں برج ہیں۔
۲	اور اس دن کی جس کا وعدہ ہے۔
۳	اور حاضر ہونے والے کی اور اسکی جسکے پاس حاضر ہوتے ہیں۔
۴	کہ خندقوں والے ہلاک کر دیئے گئے۔
۵	یعنی آگ کی خندقیں جس میں ایندھن جھونک رکھا تھا۔
۶	جبکہ وہ انکے کناروں پر بیٹھے ہوئے تھے۔
۷	اور جو ظلم وہ اہل ایمان پر کر رہے تھے اُنکا نظارہ کر رہے تھے۔
۸	اور انکو مومنوں کی یہی بات بری لگتی تھی کہ وہ اللہ پر ایمان لائے تھے جو غالب ہے سب خوبیوں والا ہے۔
۹	جس کی آسمانوں اور زمین میں بادشاہی ہے اور اللہ ہر چیز سے واقف ہے۔
۱۰	جن لوگوں نے مومن مردوں اور مومن عورتوں کو تکلیفیں دیں اور توبہ نہ کی ان کو دوزخ کا اور عذاب بھی ہو گا اور جلنے کا عذاب بھی۔
۱۱	اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کرتے رہے ان کے لئے باغات ہیں جنکے نیچے نہریں بہ رہی ہیں۔ یہی بڑی کامیابی ہے۔
۱۲	بیشک تمہارے پروردگار کی پکڑ بہت سخت ہے۔

۱۳	وہی پہلی دفعہ پیدا کرتا ہے اور وہی دوبارہ زندہ کرے گا۔
۱۴	اور وہ بخشنے والا ہے بہت محبت کرنے والا ہے۔
۱۵	عرش کا مالک بڑی شان والا۔
۱۶	جو چاہتا ہے سو کر ڈالتا ہے۔
۱۷	بھلا تمکو لشکروں کا حال معلوم ہوا ہے۔
۱۸	یعنی فرعون اور ثمود کا۔
۱۹	اصل بات یہ ہے کہ کافر مستقل جھٹلانے میں لگے ہیں۔
۲۰	جبکہ اللہ بھی انکو ہر طرف سے گھیرے ہوئے ہے۔
۲۱	یہ کوئی معمولی کلام نہیں بلکہ یہ قرآن عظیم الشان ہے۔
۲۲	لوح محفوظ میں لکھا ہوا۔